(جلد دوم)

مناقب اہل بیتؑ

مشہور عربی کتاب

اَلْقَطْرَةُ مِن بِحَارِ مَنَاقِبِ النَّبِی وَالْعِتْرَةِ

کا ترجمہ

مولف

آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم

حجتہ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

ناشر

ادارہ منہاج الصالحین

جناح ٹاؤن ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور فون: 5425372

كل الحقوق محفوظة

نام کتاب .... مناقب اہل بیتؑ (جلد دوم)

مولف .... آیت اللہ سید احمد مستنبط قدس سرہ

مترجم .... حجۃ الاسلام مولانا ناظم رضا عترتی

اہتمام .... مولانا ریاض حسین جعفری (فاضل قم)

ناشر .... ادارہ منہاج الصالحین لاہور

پروف ریڈنگ .... غلام حیدر چودھری

ہدیہ .... 200/= روپے

بدو عالم ندھم لذت بیاری را

"اگر میرے سرہانے میرے طبیب و معالج بن کر آؤ تو میں بیاری کی لذت کسی کو بھی نہ دوں گا۔"

جہنمی کون؟

(۸/۲۰۰) شیخ صدوقؒ کتاب فضائل الشیعہ میں میسر سے نقل کرتے ہیں کہ وہ کہتا ہے میں نے حضرت امام رضاؑ سے سنا ہے کہ آپؑ نے فرمایا:

لَا یُرَیٰ مِنْکُمْ فِی النَّارِ اِثْنَانِ، لَا وَاللّٰہِ وَلَا وَاحِدٌ

"تم شیعوں میں سے دو آدمی بھی جہنم میں دیکھے نہیں جائیں گے حتیٰ کہ خدا کی قسم ایک شخص بھی دیکھا نہ جائے گا"

راوی کہتا ہے: میں نے عرض کیا: یہ مطلب جو آپؑ نے فرمایا ہے قرآن کی کون سی آیت سے استفادہ ہوتا ہے اور اس کی قرآنی دلیل کیا ہے؟

حضرت نے اس سوال کا جواب ایک سال تک روکے رکھا اور نہ دیا۔ ایک دن میں طواف کے دوران آپؑ کے ہمراہ تھا، آپ نے مجھ سے فرمایا: آج مجھے اجازت دی گئی ہے کہ تجھے تیرے اس سوال کا جواب دوں۔ میں نے عرض کیا: جو آپ نے فرمایا تھا وہ قرآن میں کہاں ہے آپ نے فرمایا: سورہ (الرحمٰن ۱۱) میں آیت شریفہ ہے۔

فَیَوْمَئِذٍ لَا یُسْئَلُ عَنْ ذَنْبِہٖ مِنْکُمْ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ (سورہ الرحمٰن: آیت ۳۹)

میں نے عرض کیا: آیت میں "منکم" نہیں ہے یہ آپ نے اضافہ کیا ہے۔

حضرت نے فرمایا: اصل میں تھا۔ سب سے پہلے ابن اروی نے اس کو تبدیل کیا ہے کیونکہ یہ اس کے اور اس کے اصحاب کے خلاف دلیل تھی۔ اگر آیت میں (منکم) نہ ہوتا تو تمام بندوں سے خدا کا انتقام لینا ساقط ہو جاتا اور ان سب کو خدا بخش دیتا تو قیامت کے دن کسے سزا